فاس کے ساتھ یکے بعد دیگرے دور سخت قبض۔

نیٹرم میور۔ جب منہ سے پانی گرے چاہے بچہ جاگتا ہو یا سوتا ہو۔

# ذیابیطس - بول شکری DIABETES

**نیٹرم سلف** - سب سے بہتر دوا ہے۔ اس دوا کو مسلسل استعمال کرو۔

**کالی فاس** - عصبی کمزوری، بھوک میں بے قاعدگی۔ بے خوابی وغیرہ۔

**فیرم فاس** - جب کہ نبض تیز ہو، یا جسم کے کسی حصّہ میں درد حدت یا اجتماع خون موجود ہو۔

**کلکیریا فاس** - پیشاب کی زیادتی، کمزوری، پیاس کی زیادتی۔ منہ اور زبان میں خشکی کے ساتھ نمک کی خواہش۔ نیز پیشاب میں شکر جب پھیپھڑوں میں خرابی موجود ہو۔

**کالی میور** - شکری پیشاب کی زیادتی۔ بے حد کمزوری اور نیند۔

**نیٹرم میور** - پیشاب کی زیادتی۔ نہ بجھنے والی پیاس۔ لاغری، بھوک اور نیند کا جاتے رہنا۔ بے حد کمزوری اور مایوسی۔

# اسہال، دست DIARRHOEA

**فیرم فاس** - جب کہ دستوں میں غیر منہضم غذا ہو۔ سردی لگ جانے